नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

**SS-22-Urdu Sah.**

No. of Questions - 11

No. of Printed Pages - 7

SENIOR SECONDARY EXAMINATION - 2016

# URDU SAHITYA

Time : 3¼ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

**.1** درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو چُن کراس پر دیئے گئے سوالات کے جواب تحریر کیجئے۔ **[8]**

(الف)

شاہ صاحب کی زبان سے یہ عارفانہ کلمات سن کر میرے دل کو بھی تسلّی ہوئی کہ غنیمت ہے اِن آدمیوں میں بھی انصاف والے موجود ہیں بلکہ میں دِل میں شرمایا کہ کبھی کبھی ایسا ہوجاتا ہے کہ شاہ صاحب مصلّے پر بیٹھے وظیفہ پڑھا کرتے ہیں اور میں ان کے پیروں کا خون پیا کرتا ہوں۔ یہ تو میری نسبت، ایسی اچھی اور نیک رائے دیں اور میں ان کو تکلیف دوں۔ اگرچہ دل نے یہ سمجھایا کہ تو کاٹتا تھوڑی ہے، قدم چومتا ہے اور اِن بزرگوں کے قدم چومنے ہی کے قابل ہوتے ہیں لیکن اصل یہ ہے کہ اِس سے میری ندامت دور نہیں ہوئی اور اب تک میرے دل میں اِس کا افسوس باقی ہے۔

سوالات:

(i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح معہ سیاق وسباق تحریر فرمائیں۔ **[5]**

(ii) شاہ صاحب مصلّے پر بیٹھ کر کیا پڑھا کرتے ہیں؟ **[1]**

(iii) ''اور میں ان کے پیروں کا خون پیا کرتا ہوں'' یہاں میں سے کون مراد ہے؟ **[1]**

(iv) ندامت کے کیا معنی ہیں؟ **[1]**

(ب)

گرمی کا حال کیا پوچھتے ہو، اِس ساٹھ برس میں یہ لُو اور یہ دھوپ اور یہ تپش نہیں دیکھی۔ چھٹی ساتویں رمضان کو مینہ خوب برسا۔ ایسا مینہ، جیٹھ کے مہینے میں بھی کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اب مینھ کھل گیا ہے۔ ابر گھرا رہتا ہے۔ ہوا اگر چلتی ہے تو گرم نہیں ہوتی اور اگر رُک جاتی ہے تو قیامت آتی ہے۔ دھوپ بہت تیز ہے۔ روزہ رکھتا ہوں مگر روزے کو بہلائے رہتا ہوں، کبھی پانی پی لیا، کبھی حُقّہ پی لیا، کبھی کوئی ٹکڑا روٹی کا کھالیا۔ یہاں کے لوگ عجب فہم اور طُرفہ روش رکھتے ہیں۔ میں تو روزہ بہلاتا رہتا ہوں اور یہ صاحب فرماتے ہیں کہ تو روزہ نہیں رکھتا۔ یہ نہیں سمجھتے کہ روزہ نہ رکھنا اور چیز ہے اور روزہ بہلانا اور بات ہے۔

سوالات :

(i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کا حوالہ دیتے ہوئے کیجیے۔ **[5]**

(ii) کِس مہینہ میں مینہ خوب برسا؟ **[1]**

(iii) مصنف روزے کو بہلانے کے کیا طریقے اختیار کرتا ہے؟ **[1]**

(iv) اقتباس میں سے ''ٹھنڈک'' کا متضاد چھانٹ کر لکھئے۔ **[1]**

2. ذیل میں دیئے گئے اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ سو الفاظ میں لکھئے۔ **[6]**

(i) بجوکا

(ii) سکون کی نیند

(iii) میں، وہ

3. نیچے دیئے گئے مصنفین میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح عمری اس کی طرز تحریر پر روشنی ڈالتے ہوئے قلم بند کیجیے۔ [6]

(i) قرۃ العین حیدر

(ii) احتشام حسین

(iii) سجاد ظہیر

4. مندرجہ ذیل حصّوں میں سے کسی ایک حِصّہ کی تشریح شاعر کا نام دیتے ہوئے کیجیے۔ [8]

(الف)

نہ دیکھیں حال ان لوگوں کا ذلت کی نگاہوں سے
بھرا ہے جن کے سر میں غرّۂ نوابی و خانی
یہ ان کا کاسۂ سر کہہ رہا ہے کج کلاہوں سے
عجب نادان ہیں وہ جن کو ہے عجب تاجِ سلطانی
خدا جانے تھے ان لوگوں میں کیا کیا جوہر قابل ؟
خدا معلوم رکھتے ہوں گے یہ ذہن رسا کیسے ؟
خدا ہی کو خبر ہے کیسے کیسے ہوں گے صاحبِ دل
خدا معلوم ہوں گے بازوئے زورآزما کیسے ؟

(ب)

(i) دلکش ہر ایک قطعہ صحرا ہے راہ میں
ملتے ہیں جا کے دیکھیئے کب کارواں سے ہم

(ii) وہ ٹوٹتے ہوئے رشتوں کا حسنِ آخر تھا
کہ چپ سی لگ گئی دونوں کو بات کرتے ہوئے

(iii) ہم سے پوچھو کہ غزل کیا ہے، غزل کا فن کیا
چند لفظوں میں کوئی آگ چھپا دی جائے

(iv) منزل نہ ملی تو قافلوں نے
رستے میں جما لیے ہیں ڈیرے

5. درجِ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی کلام کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے تحریر کیجئے۔ [6]

(i) علی حیدر نظم طباطبائی

(ii) حالؔی

(iii) علی سردار جعفری

**.6** ذیل میں دی گئی نظموں میں سے کسی ایک کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔ **[6]**

(i) گورِ غریباں

(ii) یادنگر

(iii) روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے

**.7** خیابانِ اردو کے درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ **[6]**

(i) مرحوم کی یاد میں

(ii) یہودی کی لڑکی

(iii) کلرک کی موت

**.8** درج ذیل سوالات میں سے دو کے جواب دیجئے۔ **[1+1=2]**

(i) مرزا نے اپنی سائیکل کتنے روپئے میں خریدی تھی؟ **[1]**

(ii) حنّا حقیقت میں کس کی لڑکی تھی؟ **[1]**

(iii) سومترا کے شوہر کا کیا نام تھا؟ **[1]**

(iv) ''جنم دن'' کا مصنف کون ہے؟ **[1]**

**9.** درجِ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تفصیل سے لکھیں۔ **[8+8=16]**

(i) دبستان دِلّی اور دبستانِ لکھنؤ کی خوبیاں بتائیے۔

(ii) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات پر ایک تفصیلی نوٹ لکھئے۔

(iii) اردو زبان کی پیدائش پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

(iv) سرسید تحریک پر ایک طائرانہ نظر ڈالیے۔

**10.** مندرجہ ذیل اصنافِ ادب سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔ **[8]**

(i) افسانہ

(ii) نظم

(iii) انشائیہ

**11.** کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : **[8]**

(i) میری پسندیدہ شخصیت

(ii) صحبت کا اثر

(iii) انٹرنیٹ

(iv) بدعنوانی اور اس کے اثرات

❑❑❑❑